© rasailojaraid.com

کا عظیم تصور صرف اسلام کا دیا ہوا ہے۔ اپنے موضوع پر ایک مختصر اور جامع کتاب۔]

◉ **پروفیسر ڈاکٹر عزیز انصاری علمی خدمات کے آئینے میں**، مرتب: شبیر احمد انصاری۔ حرا فاؤنڈیشن (وقف) پاکستان، پوسٹ بکس ۲۷۷۲۔ کراچی۔ صفحات: ۳۴۳۔ قیمت: ۳۰۰ روپے۔ [ڈاکٹر عزیز انصاری (پ: ۵ جون ۱۹۳۶ء) ادیب، استاد، محقق اور متعدد کتابوں کے مصنف، تقریباً ۳۰ سال گورنمنٹ کالج ٹنڈو آدم میں تدریسی فرائض انجام دیے۔ نام وَر عالم اور پیر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کے معتقد، مرید اور شاگرد ہیں۔ یہ کتاب عزیز انصاری کی علمی خدمات کے ساتھ ساتھ ان کے سوانحی کوائف سے بھی آگاہ کرتی ہے۔ ان کی تصانیف پر تبصرے اور خود عزیز انصاری کی بعض تحریریں شامل ہیں۔ قدر شناسی کی ایک مناسب مثال ہے۔]

◉ **ارقم ۳، مشاہیر نمبر**، مدیر اعلیٰ: ظفر حسین ظفر۔ دار ارقم ماڈل کالج، راولاکوٹ، آزاد کشمیر۔ صفحات: ۴۳۱۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [کسی نجی، تعلیمی ادارے کی طرف سے ایسا وقیع، علمی اور خوب صورت رسالہ کم ہی شائع ہوتا ہے۔ یوں تو اس میں ہر طرح کی تحریریں (تحقیقی، تنقیدی، غزلیں، نظمیں، تبصرے، خاکے، مراسلے، ارقم نمبر ا اور نمبر ۲ پر تحسینی خطوط وغیرہ) شامل ہیں، لیکن ایک درجن سے زائد کشمیری (علمی، ادبی، سیاسی) شخصیات پر مضامین کی نسبت سے اسے 'مشاہیر نمبر' کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔ تقریباً ساری تحریریں غیر مطبوعہ اور معیاری ہیں۔ ادارے نے ایک قابلِ تحسین مثال پیش کی ہے۔ خدا دوسرے اداروں کو بھی 'ارقم' کی تقلید کی توفیق بخشے۔]

---

**ہم نے آج تراویح میں کیا پڑھا**، اُردو اور سندھی زبان میں تراویح کے دوران روزانہ پڑھے جانے والے قرآن کریم کے حصے کا خلاصہ، نیز رمضان کے تقاضے اور تزکیہ و تربیت پر مبنی مختصر تحریریں، زکوٰۃ کی معاشرتی اہمیت اور ادایگی اور دیگر روزمرہ مسائل کا تذکرہ اور **قرآنی و مسنون دعائیں** بلامعاوضہ دستیاب ہیں۔ خواہش مند خواتین وحضرات عام ڈاک کے لیے ۱۵ روپے اور ارجنٹ میل سروس کے لیے ۳۵ روپے کے ڈاک ٹکٹ بنام ڈاکٹر ممتاز عمر، T-473، کورنگی نمبر ۲، کراچی-74900 کے پتے پر روانہ کر کے کتابچے حاصل کر سکتے ہیں۔

**عالمی ترجمان القرآن حاصل کیجیے**

ڈاکٹر طارق محمود مہر، مکان نمبر 165-بی، نزد پوسٹ آفس ماتلی، ضلع بدین، سندھ۔ فون: 0332-3247946

**اہم گزارش**: اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ قارئین اپنی ذمہ داری پر معاملات کریں۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com